الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 24جون 2022اسلام آباد

26جون 2022کو سندھ میں بلدیاتی انتخابات کے پہلےمرحلے اورخیبر پختونخوا کے حلقہ پی کے 7 سوات- VIمیں ضمنی انتخابات کے لئے 26 جون 2022 کوپولنگ ہوگی ۔اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف، پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پریذائیڈنگ آفیسر ریٹرننگ آفیسر سے پولنگ بیگ وصول کرے گا پولیس پریذائیڈنگ افسران کو سکیورٹی فراہم کرے گی اورانتخابی عمل کے مکمل ہونے تک پولنگ سٹاف کے ہمراہ رہے گی۔ تمام پولنگ اسٹیشنز پر سکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ پولیس رینجر ز اور ایف سی کے اہلکار لاء اینڈ آرڈر کو یقینی بنانے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن فارم 45 کی تصویر کھنچتے وقت موبائل پراپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسر کو وائٹس ایپ(WhatsApp) پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرنگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسر کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسر کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کرے گااور ان فرانزک (Forensic)تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کرے گا۔ الیکشن کمیشن نے ہدایات دی ہیں کہ ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ا یجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہو گا۔

الیکشن کمیشن نے مذکورہ انتخابات کے لئے مرکزی کنٹرول روم اسلام آبا د میں قائم کر دیا ہے ۔ اس کے علاوہ بلدیاتی انتخابات کے لئے صوبائی سطح پر سندھ میں صوبائی الیکشن کمشنر اور ضمنی انتخابات کے لئے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا میں صوبائی کنٹرول روم قائم کر دیئے گئے ہیں ۔جو پولنگ کے عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتے رہیں گے ۔ کسی بھی شکایات کی صورت میں مندرجہ ذیل نمبروں سے رابطہ کیا جائے ۔

۔ الیکشن کمیشن سنٹرل کنٹرول روم اسلام آباد فون نمبر 051-9204403 --- 051-9210837

051-9204402

0519210838

Fax ...051- 9204404